## آٹے کی ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کو فی الفور گرفتار کر کے سرعام سزا دی جائے۔ الطاف حسین

## آٹے کی ذخیرا ندوزی کرنے والوں کی منقولہ اور غیر منقولہ جائیدادوں کو ضبط کر کے غریب عوام کو اضافی خرچہ الاؤنس تقسیم کیا جائے۔ صدر پرویز مشرف اور نگراں وزیر اعظم محمد میاں سومرو سے پرزور مطالبہ

## آٹے کی قلت کی وجہ سے کروڑوں غریب گھرانے فاقہ کشی پر مجبور ہیں

## حکومت ہنگامی بنیادوں پر نہ صرف خود بیرون ممالک سے آٹا درآمد کرے بلکہ ملک کے تاجروں کو بھی آٹا درآمد کرنے کی خصوصی اجازت دے

لندن ۔۔۔ 11 دسمبر 2007ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک میں آٹے کی قلت پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے صدر پرویز مشرف اور نگراں وزیر اعظم محمد میاں سومرو سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ حکومت ہنگامی بنیادوں پر نہ صرف یہ کہ خود بیرون ممالک سے کارگو ہوائی جہازوں کے ذریعے آٹا درآمد کرے بلکہ ملک کے تاجروں کو بھی آٹا درآمد کرنے کی خصوصی اجازت دے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک میں آٹے کی قلت کی وجہ سے کروڑوں غریب گھرانے فاقہ کشی پر مجبور ہیں، ساتھ ساتھ ان غریب گھرانوں کے والدین آٹے کی عدم دستیابی پر شدید ذہنی دباؤ کا شکار ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ آٹے کی شدید قلت اور نایابی پر پاکستانی عوام حکومت کی کوئی دلیل اور جواز سننے اور اس پر یقین کرنے کیلئے تیار نہیں ہیں۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ آٹے کی ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کو فی الفور گرفتار کر کے سرعام سزا دی جائے اور اس سلسلہ میں کسی بھی بڑی نامی گرامی شخصیت کا بھی ہرگز خیال نہ کیا جائے اور نہ ہی کسی کی سفارش قبول کی جائے اور ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کی منقولہ اور غیر منقولہ جائیدادوں کو ضبط کر کے غریب عوام کو اضافی خرچہ الاؤنس ملک بھر میں تقسیم کیا جائے۔

## بلوچستان کی ڈسٹرکٹ لورالائی سے آزاد امیدوار حاجی سراج الدین موسیٰ خیل کی متحدہ میں شمولیت

کوئٹہ۔۔۔ 11، دسمبر 2007ء۔۔۔ ڈسٹرکٹ لورالائی سے تعلق رکھنے والے قومی اسمبلی کے حلقہ 263 اور صوبائی اسمبلی کی نشست PB-15 موسیٰ خیل سے الیکشن 2008ء کے عام انتخابات میں حصہ لینے والے آزاد امیدوار حاجی سراج الدین موسیٰ خیل نے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ سے متاثر ہو کر اپنے سینکڑوں ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ پریس کلب میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر حق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی، ایم کیو ایم صوبہ بلوچستان کے صوبائی انچارج محمد یوسف شاہوانی، جوائنٹ انچارج کامریڈ عبدالحئی بنگلزئی اور صوبائی کمیٹی کے دیگر اراکین بھی موجود تھے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حاجی سراج الدین موسیٰ خیل نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ، اس ملک کی واحد جو غریب و متوسط طبقہ کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے مخلصانہ جدوجہد کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک پر مسلط فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے جس طرح جرات مندانہ جدوجہد کی ہے وہ قابل ستائش ہے اور حق پرستی کی اس جدوجہد میں بلوچستان کے عوام بھی ان کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت سے متاثر ہیں اور ان کے پیغام حق کو عام کرنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے بلوچستان کے عوام سے اپیل کی کہ وہ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے اور غریب عوام کی ترقی و خوشحالی کیلئے ایم کیو ایم کے نامزد حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔

## ایم کیوایم کوتنہا کرنے کی باتیں کرنے والی جماعتیں آج خودانتشار کا شکار ہیں

## ایم کیوایم کے نامزد امیدواران کا مختلف علاقوں میں کارنر میٹنگوں سے خطاب

کراچی۔۔۔11دسمبر2007ء۔۔۔الیکشن 2008ء کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدواروں نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کے خلاف زہریلے بیانات جاری کرنے اورایم کیوایم کوتنہا کرنے کے دعوے کرنے والی نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں آج خودٹوٹ پھوٹ اورانتشار کا شکار ہیں۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے کراچی کے مختلف علاقوں میں انتخابی کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تفصیلات کے مطابق کراچی سمیت ملک بھر میں ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدواروں کی انتخابی مہم کا سلسلہ زوروشور سے جاری ہے۔انتخابی مہم کے سلسلے میں گزشتہ روزعظیم پور،گارڈن،عثمان آباد،شو مارکیٹ،اسلام پورہ،ملت نگر،برکاتی کمپاؤنڈ جناح آباد،رنچھوڑ لائن میں بڑے عوامی اجتماعات منعقد ہوئے جن میں علاقے کے نوجوانوں،بزرگوں اورخواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔اجتماعات سے حق پرست امیدواران برائے قومی وصوبائی اسمبلی ڈاکٹر فاروق ستار،شعیب ابراہیم،محمد طاہر نے خطاب کیا۔اسی طرح ناظم آباد بلاک F میں کارنر میٹنگ منعقد کی گئی جس سے حق پرست سینیٹر بابر خان غوری،حق پرست امیدوار برائے قومی وصوبائی اسمبلی ڈاکٹر محمد علی شاہ اورانجینئر فرحت خان نے خطاب کیا۔جبکہ لیاقت آباد میں سی ون ایریا،سی ایریا،الکرم اسکوائر،ایف سی ایریا،فیڈرل بی ایریا،فیڈرل کیپیٹل ایریا اور دیگر علاقوں میں حق پرست امیدواران برائے صوبائی اسمبلی شعیب احمد بخاری اورانور عالم نے انتخابی اوررابطہ دفاتر کے افتتاح کیےاورکارنر میٹنگوں سے خطاب کیا۔اسی طرح اورنگی ٹاؤن میں امیدواران برائے قومی وصوبائی اسمبلی ڈاکٹرعبدالقادر خانزادہ،اقبال قادری ایڈوکیٹ،سید منظر امام،رضا حیدر،مظاہر امیر اورصلاح الدین نے بھی مختلف علاقوں میں کارنر میٹنگوں سے خطاب کیا۔کراچی کے مختلف علاقوں میں کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدواران نے کہا کہ ایم کیوایم عوام کی خدمت کے جذبے کے تحت عام انتخابات میں حصہ لیتی رہی ہےاورحق پرست عوامی نمائندے دن رات عوامی مسائل کے حل اورشہر کی ترقی وخوشحالی کیلئے جدوجہد کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد فرسودہ جاگیردارانہ نظام کی محافظ سیاسی ومذہبی جماعتوں کو ہرگز پسند نہیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت ایم کیوایم کوتنہا کرنے کی دعویدار سیاسی ومذہبی جماعتیں آج خودانتشار کا شکار ہیں۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں کےعمل وکردار کا ازخود جائزہ لیں اور آئندہ انتخابات میں اپنے بھرپوراتحاد کا مظاہرہ کرتے ہوئے مفاد پرست سیاسی ومذہبی جماعتوں کومسترد کردیں اورآئندہ انتخابات میں حق پرست امیدواروں کوزیادہ سے زیادہ تعداد میں ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## نیشنل ڈیموکریٹک انسٹی ٹیوٹ کی پاکستان میں سربراہ شیلافرومین کی نائن زیرو پر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

کراچی۔۔۔11،دسمبر2007ء۔۔۔نیشنل ڈیموکریٹک انسٹی ٹیوٹ آف پاکستان کی سربراہ شیلافرومین نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروعزیز آباد کا دورہ کیااور رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کی۔ملاقات میں آئندہ عام انتخابات سمیت ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی ڈپلومیٹ کمیٹی کے رکن فیصل سبزواری بھی موجود تھے۔ملاقات میں باہمی دلچسپی کے قومی اور بین الاقوامی امور بھی زیرغور آئے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سہ روزہ انسداد پولیومہم شروع کردی گئی

کراچی۔۔۔11،دسمبر2007ء۔۔۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام ہرسال کی طرح امسال بھی 11،دسمبر سے سہ روزہ انسداد پولیومہم شروع کردی گئی ہے۔انسداد پولیومہم 11،12اور13دسمبر تک جاری رہے گی جس کے دوران کراچی کے 18ٹاؤنوں میں 5سال اوراس سے کم عمر کے بچوں کا پولیو سے بچاؤ کی ویکسین کے قطرے پلائے جائیں گے۔پولیومہم کا آغاز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اورحق پرست امیدوار برائے صوبائی اسمبلی عبدالحسیب نے خورشید بیگم میموریل میڈیکل سینٹروا سپتال پاک کالونی میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر کیا۔اس موقع پرحق پرست امیدوار برائے قومی اسمبلی خواجہ سہیل

،خورشید بیگم میموریل ڈسپنسری واسپتال پاک کالونی کے انچارج عبدالقادر لاکھانی اورسابق رکن سندھ اسمبلی عبدالستار انصاری بھی موجود تھے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت انسداد پولیومہم کے سلسلے میں نذیر حسین میڈیکل سینٹر واسپتال سمیت شہر بھر میں قائم خورشید بیگم میموریل ڈسپنسریوں میں بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلانے کے انتظامات کئے گئے ہیں جبکہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں پر مشتمل گشتی ٹیمیں گھر گھر جا کر بھی بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا رہی ہیں۔اسی طرح حیدرآباد اور اندورن سندھ کے دیگر شہروں میں بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن کے دفاتر اور اسپتالوں میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے انتظامات کئے گئے ہیں۔

## ایم کیوایم نوابشاہ زون کے زونل انچارج انور سلیم خانزادہ کے والد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔11دسمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم نواب شاہ زون کے زونل انچارج انور سلیم خانزادہ کے والد سلیم احمد خانزادہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## نوابشاہ کے زونل انچارج اور کورنگی سیکٹر کے کارکن کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔11دسمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نوابشاہ زون کے زونل انچارج انور سلیم خانزادہ کے والد سلیم احمد خانزادہ اور ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے کارکن ذاکر قریشی کے والد حاجی محمد گلاب قریشی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم ٹھٹھہ زون کے کارکنان اور اراکین یونٹ کمیٹی اسماعیل پلیجو، وزیر پلیجو اور ارسلان پلیجو مرحوم کو آبائی گاؤں میں سپرد خاک کردیا گیا

## سوئم 13 دسمبر کو مرحومین کے آبائی گاؤں میں بعد نماز فجر ہوگا

کراچی۔۔۔11،دسمبر 2007ء۔۔۔جنگ شاہی مکلی روڈ پر ایک ٹریفک حادثہ میں جاں بحق ہونے والے متحدہ قومی موومنٹ ٹھٹھہ زون کے کارکنان اور اراکین یونٹ کمیٹی اسماعیل پلیجو، وزیر پلیجو اور ارسلان پلیجو کو گوٹھ حسن پلیجو جنگ شاہی کے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحومین کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی،این اے 208 سے نامزد حق پرست امیدوار نثار شر،سابق حق پرست اراکین اسمبلی نثار پہنور، یوسف منیر شیخ،ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین، کراچی مضافاتی کمیٹی کے ارکان،ٹھٹھہ زونل کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومین کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔دریں اثناء اسماعیل پلیجو مرحوم، وزیر پلیجو مرحوم اور ارسلان پلیجو مرحوم کا سوئم 13 دسمبر کو ان کے آبائی گوٹھ حسن پلیجو جنگ شاہی میں بعد نماز فجر ہوگا جس میں مرحومین کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

## الیکشن 2008ء کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کا انتخابی منشور جمعرات کو جاری کیا جائے گا

کراچی۔۔۔11، دسمبر 2007ء ۔۔۔2008ء کے عام انتخابات کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کا انتخابی منشور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے صلاح ومشورے کے بعد تیار کرلیا گیا ہے اور جمعرات کو جاری کیا جائے گا۔متحدہ قومی موومنٹ کے شعبہ اطلاعات کے مطابق اس ضمن میں ایک پریس کانفرنس مورخہ 13، دسمبر بروز جمعرات کی شام 4 بجے ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد کراچی میں منعقد کی جائے گی جس میں رابطہ کمیٹی ، متحدہ قومی موومنٹ کا انتخابی منشور پریس اور عوام کے سامنے پیش کرے گی۔

☆☆☆☆☆